Lesson Plans 4th week 3 days .docx

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

قرآنی قاعدہ کے ذریعے تجوید کے قواعد، جیسے: درست مخارج کے ساتھ حُروف کی اشکال اور اصوات، زبر، زیر، پیش، جزم، غنہ، مد، قلقلہ، تشدید، کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش وغیرہ سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو باب اوّل قرآن مجید و حدیث ﷺ نبوی کا سبق "ناظرہ قرآن مجید" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
|---|---|

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: ناظرہ قرآن مجید |
|---|---|---|

**سوال 1: نقطوں والے حروف اور بغیر نقطوں والے حروف لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| نقطوں والے حروف | |
| بغیر نقطوں والے حردف | |

**سوال 2: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| حرکات | اوپر | حروفِ تہجّی | غنّہ |
|---|---|---|---|

۱۔ ا،ب،ت کو__________کہتے ہیں۔

۲۔ جزم ہمیشہ حرف کے__________لگائی جاتی ہے۔

۳۔ ناک میں تھوڑی دیر کے لیے آواز لے جانے کو__________کہتے ہیں۔

۴۔ زبر، زیر، پیش کو__________کہتے ہیں۔

سوال3: کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| زبر کی آواز | واؤ کی آواز کے برابر |
| زیر کی آواز | 'ا' کی آواز کے برابر |
| پیش کی آواز | 'ی' کی آواز سے کچھ کم |
| کھڑا زبر کی آواز | واؤ کی آواز سے کچھ کم |
| اُلٹا پیش کی آواز | 'ا' کی آواز سے کچھ کم |

سوال4: دیے گئے حروف اور ان کی آوازوں میں ایک جیسا رنگ بھریں۔

ت　ج　ص　جیم

صآد　تا　کآف　ك

سوال5: دیے گئے خانوں میں حروفِ قلقلہ لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | | سبق کا نام: توحید کا تعارف (دہرائی) | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان رکھیں۔
- یہ جان اور سمجھ لیں کہ دنیا میں ہر چیز کا خالق اور مالک اللہ تعالیٰ ہے۔
- اللہ تعالیٰ کی مختلف مخلوقات کے نام بتا سکیں مثلاً، ستارے، سورج، درخت، جان ور، پرندے وغیرہ۔
- یہ سمجھ لیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو باب دوم: ایمانیات و عبادات سے (الف) ایمانیات کا سبق "توحید کا تعارف" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:** 5 منٹ

سبق "توحید کا تعارف" کی دہرائی کریں۔

## ورک شیٹ 20منٹ

| نام:________ | مضمون:اسلامیات | سبق:توحید کا تعارف(دہرائی) |
|---|---|---|

**سوال1: درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**

ا۔ ہم سب کو کس نے پیدا کیا؟

________________________________

۲۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی چند نعمتوں کے نام لکھیں۔

________________________________


۳۔ ہم اللہ تعالیٰ کا شکر کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

________________________________

**سوال2: کالم الف کو کالم ب سے ملائیں اور جملے مکمل کریں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| توحید کا مطلب یہ ہے کہ | ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ |
| اللہ تعالیٰ | اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ |
| شکر ادا کرنے والوں سے | اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ |
| ہر جان دار کی زندگی اور موت | اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔ |

سوال 3: دیے گئے جسم کے حصّوں کے نام لکھیں۔


________________


________________


________________


________________


________________

سوال 4: ذیل میں مختلف اشیا کی تصاویر دی گئی ہیں ان میں سے جن اشیا کو اللہ تعالیٰ نے تخلیق کیا ہے ان پر (✓) اور جن کو انسان نے بنایا ہے اُن پر دائرہ لگائیں۔



| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: نبوّت و رسالت (دہرائی) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** **5 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو باب دوم ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات سبق "نبوّت و رسالت" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور پھر انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** **15 منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
|---|---|

| نام:________ | مضمون: اسلامیات | سبق: نبوت و رسالت (دہرائی) |
|---|---|---|

**سوال1:** **درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**

ا۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اور رسول کیوں بھیجے؟

________________________

۲۔ اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی کا نام بتائیں؟

________________________

۳۔ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی کا پیارا نام لکھیں۔

________________________

**سوال2:** **درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

ا۔ اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی ہیں:

(الف) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت آدم علیہ السلام (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام

۲۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے تقریباً نبی اور رسول بھیجے:

(الف) ایک لاکھ دس ہزار (ب) ایک لاکھ بیس ہزار (ج) ایک لاکھ چوبیس ہزار

۳۔ سب سے آخری نبی اور رسول ہیں:

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام

**سوال3: کالم الف کا کالم ب سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| اللہ تعالیٰ کے خاص بندے | اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ |
| حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | ایک اللہ کی عبادت کا حکم دیا۔ |
| تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے | نبی اور رسول ہیں۔ |

**سوال4: چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام لکھیں۔**

.................................................... ....................................................

.................................................... ....................................................

**سوال5: نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔**

